

# ریڈی نیو یارک
# (READY NEW YORK)



## میرے پالتو جانور کا
## ہنگامی
## منصوبہ









دفتر برائے ہنگامی نظم و نسق
(Office of Emergency Management)
Bill de Blasio، میئر

پالتو جانور خاندان کا حصہ ہیں۔ آپ کے خاندان کے ممبروں کی حیثیت سے انہیں بھی آپ کے ہنگامی منصوبے میں شامل کیا جانا چاہیے۔ کسی ہنگامی حالت کے دوران آپ اپنے پالتو جانور کے تحفظ کو کس طرح یقینی بنا سکتے ہیں
یہ جاننے کے لیے آگے پڑھیں۔

## اپنے پالتو جانور کے لیے ایک منصوبہ بنائیں

## ساز و سامان اکٹھا کریں

## باخبر رہیں

ڈاؤن لوڈ کریں **ریڈی نیو یارک (Ready New York): میرا ہنگامی منصوبہ (My Emergency Plan)** اپنے اور اپنے اہل خانہ کے لیے ایک ہنگامی منصوبہ تخلیق کرنے کے لیے NYC.gov پر جاکر، یا اس ہدایت نامہ کی ایک کاپی طلب کرنے کے لیے 311 پر کال کریں۔

یہاں پر اپنی اور اپنے پالتو جانور کی ایک رنگین تصویر چسپاں کریں۔ اس سے آپ کے الگ ہوجانے کی صورت میں آپ کو یکجا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

## میری معلومات

براہ کرم جلی حروف میں لکھیں۔ اگر PDF کے بطور دیکھ رہے ہیں تو، معلومات ٹائپ کرنے کے لیے نمایاں کردہ حصوں پر کلک کریں۔

نام:

پتہ:

فون:

سیل فون:

ای میل:

# 2 ایک منصوبہ تیار کریں

اپنے پالتو جانور کے بارے میں اہم معلومات ریکارڈ کریں تاکہ کسی ہنگامی حالت کے دوران آپ آسانی سے اس تک رسائی حاصل کرسکیں۔

**اہم معلومات**

| | |
|---|---|
| تاریخ پیدائش: | |
| جنس: | |
| نسل: | |
| رنگ: | |
| آنکھ کا رنگ: | |
| امتیازی نشانات: | |
| الرجیاں: | |
| طبی کیفیات: | |
| | |
| | |
| دوائیں اور خوراکیں: | |
| | |
| | |

| ٹیکہ کاری کی سرگزشت: | تاریخ | تفصیلات |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

| | |
|---|---|
| فارمیسی: | |
| پتہ: | |
| | |
| فون: | |
| فیکس: | |
| ای میل: | |

# ہنگامی رابطوں کی ایک فہرست بنائیں

کسی ہنگامی حالت سے قبل، ہنگامی رابطوں کی ایک فہرست بنائیں۔
اس فہرست کی ایک کاپی اپنے پالتو جانور کے
گو بیگ (Go Bag) میں رکھیں۔

| | |
|---|---|
| مقامی بیطاری ڈاکٹر: | |
| پتہ: | |
| | |
| فون: | |
| ای میل: | |
| متبادل بیطاری ڈاکٹر: | |
| پتہ: | |
| | |
| فون: | |
| ای میل: | |
| ہنگامی رابطہ: | |
| فون: | |
| سیل فون: | |
| ای میل: | |
| اقامتی سہولت: | |
| پتہ: | |
| | |
| فون: | |
| ای میل: | |
| پالتو جانور کے موافق ہوٹل: | |
| پتہ: | |
| | |
| فون: | |
| ای میل: | |
| جانوروں کی مقامی پناہ گاہ: | |
| پتہ: | |
| | |
| فون: | |
| ای میل: | |

# 3 اپنے پالتو جانور کے ساتھ انخلاء کا طریقہ جانیں

## اپنے پالتو جانور کے ساتھ گھر سے نکلنا

اس بابت سوچیں کہ اگر کسی ہنگامی حالت کے دوران آپ کو اپنا گھر چھوڑنا پڑا تو آپ پالتو جانور کے ساتھ کہاں جائیں گے اور آپ وہاں کس طرح پہنچیں گے۔ کسی ہنگامی انخلاء کا منصوبہ بنانے میں:

- اپنے پالتو جانور کو متاثرہ علاقے سے باہر رہنے والے اہل خانہ یا دوستوں کے پاس رکھوانے کا انتظام کریں۔
- متاثرہ علاقے سے باہر جانوروں کے موافق ہوٹلوں کی نشاندہی کریں۔
- اپنے مقامی بیطاری ڈاکٹر، کتا گھر یا دیکھ بھال کرنے والے ادارے سے بات کرکے پتہ کریں کہ آیا وہ کسی ہنگامی حالت میں آپ کے پالتو جانور کو محفوظ پناہ گاہ پیش کرسکتے ہیں۔
- اپنے پالتو جانور یا خدمت سے متعلق جانور کے لیے ایک گو بیگ بنائیں (پالتو جانوروں کے گو بیگ کی جانچ فہرست دیکھیں)
- اپنے پالتو جانور کو مانوس کرنے اور اس کی طمانیت کی سطح بڑھانے کے لیے انخلاء کے منصوبوں کی مشق کریں۔
- اپنے پالتو جانور کے چھپنے کی جگہوں کو جانیں تاکہ کسی ہنگامی حالت میں آپ آسانی سے اسے تلاش کرسکیں۔
- یہ بات ذہن میں رکھیں کہ ایک تناؤ زدہ پالتو جانور معمول کے برخلاف برتاؤ کرسکتا ہے اور اس کے تناؤ کی سطح بڑھ سکتی ہے۔ دانت کاٹنے کو روکنے کے لیے ایک تھوتھنی کا استعمال کریں۔ نیز یہ بھی جان لیں کہ خوف زدہ پالتو جانور فرار ہونے کی کوشش کرسکتے ہیں۔

## پالتو جانور اور عوامی نقل و حمل

MTA سب ویز، بسوں، اور ٹرینوں میں پالتو جانوروں کو کیریئرز میں لے جانے کی اجازت ہے۔ انخلاء کا فرمان جاری کیے جانے پر، کیریئرز کے لحاظ سے کافی بڑے پالتو جانوروں کی بھی اجازت ہے، بشرطیکہ ان پالتو جانوروں کو تھوتھنی لگائی گئی ہو اور ایک مضبوط تسمہ سے انہیں کنٹرول کیا گیا ہو جو چار فٹ سے زیادہ لمبا نہ ہو۔ سٹی اس پالیسی کے نفاذ کے وقت کا اعلان کرے گا۔

## پالتو جانوروں اور ہنگامی پناہ گاہ کے بارے میں ایک نوٹ

ایسی صورت میں کہ سٹی کا ہنگامی پناہ والا نظام کھل جاتا ہے، اور آپ اپنے پالتو جانور کو انخلاء والے علاقے سے باہر کسی کتا گھر میں یا دوستوں یا رشتہ داروں کے پاس نہیں رکھوا سکتے ہیں، پالتو جانوروں کو سٹی کے مراکز انخلاء میں لانے کی اجازت ہے۔ براہ کرم اپنے پالتو جانور کا خیال رکھنے کے لیے رسد، بشمول غذا، تسمے، ایک کیریئر، اور دوا لے کر آئیں۔ اپنے جانور کی صفائی کرنے کے لیے ساز و سامان لے کر آئیں۔ صرف قانونی پالتو جانوروں کی اجازت ہوگی۔ خدمت سے متعلق جانوروں کی ہمیشہ اجازت ہے۔

# ایک منصوبہ تیار کریں (جاری)

**مناسب شناخت**

- کتوں یا بلیوں کو ہمہ وقت ایک پٹہ یا فیتہ، خارشی ٹیگ، اور شناختی ٹیگ لگائے ہوئے ہونا چاہیے۔ شناختی ٹیگ میں آپ کا نام، پتہ، اور فون نمبر، اور ہنگامی رابطے کا فون نمبر شامل ہونا چاہیے۔ کتوں کو ایک لائسنس بھی لگائے ہونا چاہیے۔ لائسنسنگ کی بابت مزید معلومات کے لیے کال کریں 311 (TTY: 212-504-4115).
- اپنے پالتو جانور کو مائکرو چپ لگانے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے بیطاری ڈاکٹر سے بات کریں، 311 (TTY:212-504-4115) پر کال کریں، یا NYC.gov ملاحظہ کریں۔ ایک باقاعدہ رجسٹرڈ مائکرو چپ آپ اور آپ کے پالتو جانور کے الگ الگ ہوجانے کی صورت میں آپ کے پالتو جانور کی مثبت شناخت کا اہل بناتا ہے۔

| | |
|---|---|
| نسل کا رجسٹریشن #: | |
| لائسنس #: | |
| مائکرو چپ ID #: | |





**حاصل کرنے سے قاصر ہیں**

کچھ ہنگامی حالات آپ کے گھر واپس آنے میں مانع ہوسکتے ہیں۔ اس طرح کے ہنگامی حالات کا منصوبہ بنانے میں:

- آپ کی غیر موجودگی میں آپ کے پالتو جانور کا خیال رکھنے کے لیے کسی بھروسہ مند دوست، پڑوسی، یا پالتو جانور کی دیکھ بھال کرنے والے کی نشاندہی کریں۔
  اس شخص کے پاس آپ کے گھر کی چابیوں کا ایک سیٹ ہونا، آپ کے گھر اور پالتو جانور سے مانوس ہونا، آپ کے ہنگامی منصوبے سے باخبر ہونا، اور اس کے پاس آپ کے رابطے کی معلومات ہونی چاہیے۔

- اپنے گھر کے اصل داخلی دروازوں پر اسٹیکرز لگائیں تاکہ راحتی کارکنان اندر میں موجود پالتو جانوروں کی تعداد اور اقسام سے متنبہ ہوجائیں۔ ہر چھ مہینے پر اسٹیکر پر درج معلومات کی تجدید کریں۔ فری ریسکیو الرٹ والے اسٹیکرز کا آرڈر ASPCA کے پاس دیا جاسکتا ہے۔

- ایک پٹہ/فیتہ، تسمہ، کیریئر اور اپنے پالتو جانور کا گو بیگ ایسی جگہ پر رکھیں جہاں وہ آسانی سے مل سکیں۔

# اپنے پالتو جانور کے ساتھ انخلاء کا طریقہ جانیں (جاری)

## ہنگامی حالات کے دوران چھوٹے جانوروں سے نمٹنے کے لیے نکات

### چڑیا

- چڑیوں کو چھوٹے، محفوظ کیریئرز میں لے جائیں۔
- درجۂ حرارت کی تبدیلیوں کو کم سے کم رکھنے کی کوشش کریں۔ گرم موسم میں نمی پہنچانے کے لیے اسپرے بوتل کا اور سرد موسم میں گرمی پہنچانے کے لیے گرم پانی کی بوتل کا استعمال کریں۔
- شور میں شدید تبدیلیوں کو کم سے کم رکھنے کی کوشش کریں اور اپنی چڑیا (چڑیوں) کو خاموش رکھنے کے لیے پنجرے کو ڈھک کر رکھیں۔

### جل تھلیائی جانور/حشرات


- جل تھلیائی جانوروں کو آب روک پلاسٹک کے تھیلوں یا پلاسٹک کے ڈبوں میں لے جائیں جس میں روشندان والے سوراخ ہوں۔
- حشرات کو تکیے کے خول، کپڑے کے جھولے، یا چھوٹے کیریئر میں لے جائیں، اور پالتو جانور کو حتی الامکان جلد سے جلد ایک محفوظ پنجرے میں منتقل کریں۔
- پالتو جانوروں کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے اسپرے والی بوتل اور پالتو جانوروں کو گرم رکھنے کے لیے ایک حرارتی پیڈ یا بیٹری سے چلنے والا حرارتی لیمپ استعمال کریں۔
- درجۂ حرارت، روشنی، اور خوراک میں تبدیلیاں کم سے کم رکھنے کی کوشش کریں۔
- اصناف کو خلط ملط نہ کریں۔

### دیگر چھوٹے جانور

- چھوٹے پالتو جانور، جیسے ہیمسٹرز، جربو، موش، چوہے، اور گنی پگز کو ایک ڈھکے ہوئے کیریئر، پنجرے، یا محفوظ باکس کا استعمال کرکے لے جایا جاسکتا ہے۔ تناؤ کو کم سے کم رکھنے کے لیے، کیریئر کو ڈھک کر رکھیں اور درجۂ حرارت اور شور میں شدید تبدیلیوں کو کم سے کم رکھنے کی کوشش کریں۔


### اگر آپ اپنے پالتو جانور کے لئے مسکن









ریڈی نیو یارک
(READY NEW YORK)
میرے پالتو جانور کا
ہنگامی
منصوبہ

# پالتو جانور کا گو بیگ پیک کریں

پالتو جانوروں کا اپنا ایک گو بیگ — ایک مضبوط، لے جانے میں آسان ڈبہ، جیسے بیک پیک یا پہیے والا سوٹ کیس ہونا چاہیے — جو آپ کو جلد بازی میں اپنا گھر چھوڑ کر جانے کی صورت میں آسانی سے قابل رسائی
ہونا چاہیے، اور اس میں درج ذیل آئٹمز شامل ہوں:

- ☐ آپ کی اور آپ کے پالتو جانور کی ایک ساتھ ایک حالیہ رنگین تصویر (آپ کے الگ ہوجانے کی صورت میں)
- ☐ طبی ریکارڈوں کی نقول، جن سے ٹیکوں کی تاریخوں کا پتہ چلتا ہو اور آپ کا پالتو جانور جو دوائیں اور جس وجہ سے لیتا ہے ان کی فہرست
- ☐ شناخت اور ملکیت کا ثبوت، بشمول رجسٹریشن کی معلومات کی نقول، تبنیت کے کاغذات، خریداری کا ثبوت، اور مائکرو چپ کی معلومات
- ☐ آپ کے پالتو جانور کی طبعی تفصیل، بشمول اصناف، نسل، عمر، جنس، رنگ، امتیازی طور طریق، اور عادات و رویے کے بارے میں کوئی دیگر اہم معلومات
- ☐ جانوروں کے لئے ابتدائی طبی امداد کا کٹ، بشمول پسو اور چچڑی کی تدبیر، اور آپ کے بیطاری ڈاکٹر کے تجویز کردہ دوسرے آئٹمز
- ☐ کم از کم تین دنوں کے لیے غذا، پانی اور ڈشز
- ☐ گرایا جاسکنے والا پنجرہ یا کیریئر
- ☐ تھوتھنی* اور تسمہ
- ☐ آپ کے پالتو جانور کو پرسکون رکھنے میں مدد کے لیے کیریئر پر رکھنے کے لیے کاٹن شیٹ
- ☐ آرام پہنچانے والے کھلونے یا خورد و نوش
- ☐ گندگی، گندگی والی پین، اور کفچہ
- ☐ صفائی کرنے کے لیے پلاسٹک کی تھیلیاں
- ☐ دوسرے آئٹمز:

(*نوٹ: نائلن کی تھوتھنی صرف عارضی طور پر استعمال کی جانی چاہیے کیونکہ وہ ہانپنے کی کتے کی اہلیت کو محدود کرسکتے ہیں)۔



اپنے پالتو جانور کو تیار کرنے کا شکریہ!

**مبارک ہو!**

# 5 پالتو جانور کا ہنگامی سپلائی کٹ ایک ساتھ رکھیں

پالتو جانور کے ساز و سامان کو خود اپنے ہنگامی سپلائی کٹ میں شامل کریں — ساز و سامان کا وہ سیٹ جو آپ کو کم از کم تین دنوں تک اپنے گھر میں رہنے کے لیے آپ کو درکار ہوگا۔

- ☐ پالتو جانور کی غذا۔ اگر آپ گیلی غذا استعمال کرتے ہیں تو، یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس پاپ اپ کین یا دستی کین اوپنر موجود ہے۔ غذا اور پانی والے آئٹموں کو ہر چھ مہینے پر بدلیں تاکہ میعاد ختم نہ ہو جائے۔
- ☐ پانی۔ پانی کی کمی جانوروں کے لئے صحت کا ایک سنگین خطرہ ہے۔ اپنے بیطاری ڈاکٹر سے چیک کرکے پتہ کریں کہ آپ کے پالتو جانور کو روزانہ کی بنیاد پر کتنا پانی درکار ہوتا ہے۔
- ☐ آپ کے پالتو جانور سے نمٹنے کے لیے پلاسٹک کے تھیلے، اخبار، ڈبے، اور صفائی کے ساز و سامان۔
- ☐ دوسرے آئٹمز:



**جانوروں کی دیکھ بھال اور نیو یارک سٹی کا کنٹرول**
**(Animal Care & Control of New York City)**
www.nycacc.org، یا 311
(TTY: 212-504-4115) پر کال کریں

**ہیومن سوسائٹی آف نیو یارک**
**(Humane Society of New York)**
www.humanesocietyny.org، یا 212-752-4842 پر
کال کریں

**جانوروں پر مظالم کے انسداد کے لیے امریکی معاشرہ**
**American Society for the)**
**Prevention of Cruelty to Animals**
**((ASPCA)**
www.aspca.org، یا 212-876-7700 پر کال کریں

## میرے وسائل

خود اپنے اہم وسائل اور فون نمبرز یہاں شامل کریں۔

| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |

## NEW YORK سٹی کے وسائل

جب تک بصورت دیگر مذکور نہ ہو، سٹی کی ایجنسیوں سے رابطہ کرنے کے لیے 311 (TTY: 212-504-4115) پر کال کریں یا NYC.gov کا استعمال کریں۔

**NYC کے دفتر برائے ہنگامی نظم و نسق**
**(NYC Office of Emergency Management)**
NYC.gov/oem
@nycoem
Facebook.com/NYCemergencymanagement

**ریڈی نیو یارک: میرا ہنگامی منصوبہ کا ہدایت نامہ**
NYC.gov/readyny

**ریڈی نیو یارک کی آمادگی سے متعلق معلومات**
NYC.gov/readyny

**NYC کا محکمۂ صحت و دماغی حفظان صحت**
**(Department of Health & Mental Hygiene)**
NYC.gov/health

**نوٹیفائی NYC — ایمرجنسی اپ ڈیٹس کے لیے سٹی کا مآخذ**
NYC.gov/notifynyc
@NotifyNYC

## مزید وسائل



یہ رہنما پرچہ آڈیو کی شکل میں اور ذیل کی زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔

**Arabic**
زُر NYC.gov/readyny للحصول على نسخ باللغة العربية من هذا الدليل.

**Bengali**
এই নির্দেশিকাটির বাংলা কপির জন্য NYC.gov/readyny দেখুন

**Chinese**
請撥打311或訪問NYC.gov/readyny，獲得本指南的中文版本。

**English**
Call 311 or visit NYC.gov/readyny for copies of this guide in English.

**French**
Visitez NYC.gov/readyny pour obtenir des exemplaires de ce guide en français.

**Haitian Creole**
Ale nan sitwèb NYC.gov/readyny pou jwenn kopi gid sa a nan lang Kreyòl Ayisyen.

**Italian**
Visita il sito NYC.gov/readyny per ricevere una copia di questa guida in italiano.

**Korean**
한국어로 된 안내서 사본은 NYC.gov/readyny를 방문하십시오.

**Polish**
Kopia w języku polskim jest opublikowana pod adresem NYC.gov/readyny.

**Russian**
Позвоните по номеру 311 или посетите сайт NYC.gov/readyny, чтобы получить эту брошюру на русском языке.

**Spanish**
Llame al 311 o visite NYC.gov/readyny para obtener acceso a este folleto en español.

**Urdu**
اس رہنما پرچے کی کاپی اردو زبان میں حاصل کرنے کے لیے NYC.gov/readyny ملاحظہ کریں۔

Urdu, 2014 Edition